آئی جی آئی لائف WTO
زندگی پلس تکافل سیونگ پلان

زندگی پلس تکافل سیونگ پلان

زندگی پلس تکافل پلان ایک عمدہ سرمایہ کاری پلان ہے جو کہ وائٹیلیٹی کے تندرستی پروگرام سے منسلک ہے۔ یہ باہمی اقدار تکافل ماڈل پر مبنی ہے۔ یہ پلان آپ کو صحت مند زندگی گزارنے کی طرف مائل کرتا ہے اور ایسا کرنے سے آپ کو پر کشش انعامات بھی پیش کرتا ہے۔

یہ پلان دو بنیادی پہلوؤں پر مشتمل ہے:

وائٹیلیٹی: یہ آپ کی موجودہ صحت کی صورت حال کو سمجھتے ہوئے تندرستی پر توجہ دیتی ہے اور صحت میں بہتری لانے کے لیے آپ کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

تکافل تحفظ: آپ کی مالی تحفظ کی ضرورت کو پورا کرتا ہے اور سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرتا ہے۔

پراڈکٹ کی وضاحت: یہ ایک فیملی تکافل پراڈکٹ ہے جو دو بنیادی عناصر یعنی تکافل تحفظ اور سرمایہ کاری پر مشتمل ہے۔ اس پراڈکٹ کی سرمایہ کاری اس فنڈ کی کارکردگی سے مشروط ہے جس میں اس فنڈ کی سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔

تکافل کا تصور

تکافل ایکچوریل سائنس کے جدید تصورات پر مبنی باہمی تعاون اور مدد فراہم کرنے کا قدیم اسلامی تصور ہے۔ جس کے لیے شریعہ مشیر کی نگرانی میں انڈر رائٹنگ اور سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ یہ شریعت کے مطابق وفات یا معذوری کی صورت میں ایک دوسرے کی مدد کرنے کا ایک طریقہ ہے۔



فری لک دورانیہ

اگر آپ شریک تکافل کے دستاویز کی وصولی کی تاریخ سے 14 روز کے فری لک دورانیہ میں اپنی رکنیت کو منسوخ کرتے ہیں تو اس صورت میں آپ کا زرتعاون مکمل واپس کر دیا جائے گا۔ واپس کی گئی رقم میں سے آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریٹرز کی طرف سے کئے جانے والے آپ کے علاج یا طبی معائنہ سے منسلک اخراجات اگر کوئی ہیں وہ منہا کئے جائیں گے۔

سرپلس کی تقسیم سے ملنے والے فوائد

تکافل فنڈ کے شریک تکافل وقف (Waqf) کی شرائط وضوابط کے تحت سرپلس کی شکل میں فنڈ کے شیئر کے حقدار ہو سکتے ہیں۔ جو کہ سرپلس استحقاق تکافل پلان کے روایتی فوائد کے علاوہ ہے۔

آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریٹرز ہر سال کے اختتام پر بشمول شرعی مشیر اور مقرر ایکچیوریل مطلوبہ منظوری کے ساتھ سرپلس (اگر کوئی ہے) کا حساب لگاتے ہیں ۔

یہ پلان ان دو حصوں پر مشتمل ہے:

1۔ پارٹیسپینٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (شرکا سرمایہ کاری فنڈ)

شریک تکافل سرمایہ کاری اکاؤنٹ (شرکا سرمایہ کاری فنڈ) رکن اور ونڈو تکافل آپریٹر کے درمیان سرمایہ کاری کے انتظامات کو ترتیب دیتا ہے۔ ونڈو تکافل آپریٹر (شرکا سرمایہ کاری فنڈ) کی مکمل ویلیو پر پہلے سے طے شدہ فیس کے عوض شریک تکافل کی جانب سے وکالت الاستثمار (شرعی مشیر سے منظور شدہ) کے اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری کے انتظامات سنبھالتا ہے۔

شریک تکافل کا (شرکا سرمایہ کاری فنڈ) رکنیت کے موثر ہونے کی تاریخ پر قائم ہو جاتا ہے۔ پلان کے لیے دیا جانے والا زرتعاون (تمام نیٹ چارجز) (شرکا سرمایہ کاری فنڈ) میں خواہش کے مطابق سرمایہ کاری کے ذیلی اکاؤنٹس میں قابل اطلاق قیمت پر یونٹ کے ذریعے لاگو ہوتے ہیں۔ ہر ماہ کے شروعات میں، (شرکا سرمایہ کاری فنڈ) سے چارجز/فیس بمع تکافل زرتعاون وصول کرلیے جائیں گے، اور یہی وصولی ذاتی فیملی تکافل شریک تکافل فنڈ (انفرادی PTF) سے بھی کی جائے گی۔

رکنیت سے مکمل طور پر دستبرداری کی صورت میں، (شرکا سرمایہ کاری فنڈ) میں موجود یونٹس دستبرداری کی تکمیل درخواست کی رسید وصول ہونے کے فوراً بعد بولی کی قیمت میں رقم حاصل کی جاسکتی ہے۔ دستبرداری کے بعد رکنیت منسوخ کردی جائے گی۔ تاہم، شریک تکافل فنڈ جزوی طور پر نکلوا سکتے ہیں۔ مدت کی تکمیل کے فوائد جو کہ مجموعی اکاؤنٹ ویلیو ہیں PIA کی تاریخ تکمیل مدت کی تاریخ پر ادا کیے جائیں گے ۔

2۔ انفرادی فیملی تکافل شریک تکافل فنڈ (ذاتی PTF)، جسے وقف تکافل بھی کہا جاتا ہے

''انفرادی فیملی تکافل شریک تکافل فنڈ'' (انفرادی PTF) ونڈو تکافل آپریٹر کی جانب سے وقف (Waqf) قوانین کے مطابق قائم کیا گیا ہے۔

(شرکا سرمایہ کاری فنڈ) سے یونٹس کی کٹوتی کے ذریعے تکافل زرتعاون لیا جائے گا اور ایک امداد کے طور پر انفرادی PTF میں جمع کیا جائے گا۔ (دوسرے لفظوں میں، تکافل چارجز کی قیمت (شرکا سرمایہ کاری فنڈ) سے کاٹی جائے گی اور انفرادی PTF میں جمع کی جائے گی۔

ونڈو تکافل آپریٹر تکافل ممبر شپ کے اخراجات، انتظامی اور انفرادی PTF کے عمومی انتظامات سے متعلق فیس کی وصولی انفرادی PTF سے کرے گا۔

انفرادی PTF میں حاصل ہونے والی سرمایہ کاری کی آمدنی، ونڈو تکافل آپریٹر (مضارب Mudharib کی حیثیت سے) اور انفرادی PTF کے درمیان مضاربہ قوانین کے مطابق تقسیم کی جائے گی۔

وفات اور دیگر فوائد (جس کا سپلیمنٹری فوائد کے تحت احاطہ کیا جاتا ہے) کی بھی ادائیگی انفرادی PTF سے کی جائے گی۔

مجموعی یونٹ اور سرمایہ کاری کی حکمت عملی

شریک تکافل کو اختیار ہے کہ وہ اپنی مرضی اور خطرات اٹھانے کی صلاحیت کے مطابق زرتعاون کے لیے مندرجہ ذیل سرمایہ کاری کی حکمت کا انتخاب کر سکتا ہے۔

آئی جی آئی تکافل محتاط فنڈ
فنڈ کی نوعیت: منی مارکیٹ فنڈ - تکافل (شریعت کے مطابق)
یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل): کم
اس فنڈ کی سرمایہ کاری کا مقصد کیپٹل کو باقی رکھ کر کم اتار چڑھاؤ کے ساتھ مستحکم نفع فراہم کرنا ہے جس کے لیے کم رسک والی قصیر المدت سرمایہ کاری کا سیال پورٹ فولیو ترتیب دیا جاتا ہے۔
شریعت کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری: 10 سے 50 فیصد
شریعت سے ہم آہنگ منی مارکیٹ فنڈ: 50 سے 90 فیصد

آئی جی آئی تکافل متوازن فنڈ
فنڈ کی نوعیت: متوازن فنڈ - تکافل (شریعت کے مطابق)
یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل): اوسط
اس حکمت عملی کا مقصد معتدل رسک پروفائل اور معتدل تا طویل المدت سرمایہ کاری کے ذریعے طویل المدت کیپٹل کی بڑھوتری فراہم کرنا ہے، جس کے لیے شریعہ کمپلائنٹ ایکوٹیز اور فکسڈ انکم والے مواقع کا مرکب پورٹ فولیو ترتیب دیا جاتا ہے۔ اثاثہ جات کا مرکب یہ ہے:
شریعت کے مطابق اسٹاک مارکیٹ فنڈ: 15 سے 50 فیصد
شریعت کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری: 50 سے 85 فیصد

آئی جی آئی تکافل جارحانہ فنڈ
فنڈ کی نوعیت: جارحانہ فنڈ - تکافل (شریعت کے مطابق)
یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل): زیادہ
اس کا مقصد طویل المدت کیپٹل بڑھوتری اور مہنگائی سے حفاظت حاصل کرنا ہے۔ یہ ایک ایکوٹی فنڈ ہے جس کے ایک بڑے حصے کی سرمایہ کاری مقامی اسٹاک ایکسچینج کی جاتی ہے۔ اثاثہ جات کا مرکب یہ ہے:
شریعت کے مطابق اسٹاک مارکیٹ فنڈ: 50 سے 90 فیصد
شریعت کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری: 10 سے 50 فیصد

شریک تکافل کو اختیار ہے کہ وہ درخواست میں نشاندہی کرتے ہوئے اپنی مجموعی سرمایہ کاری کا انتخاب کر سکتا/کر سکتی ہے، زرتعاون کا فیصد جو وہ سرمایہ کاری کی ہر حکمت عملی میں یونٹ خریدنے کے لیے مختص کرنا چاہتا/چاہتی ہے۔ ان کا مجموعی فیصد 100 فیصد ہونا ضروری ہے۔

پلان میں ادا کئے جانے والے ہر بنیادی زرتعاون (نیٹ تخصیصی فیس) منتخب کردہ سرمایہ کاری کے ذیلی اکاؤنٹ یا اکاؤنٹس میں یونٹ خریدنے کے لیے استعمال کئے جاتے ہیں، یہ یونٹ پیش کردہ قیمت پر خریدے جائیں گے جو کہ ونڈو تکافل آپریٹر کی جانب سے روزانہ کی بنیاد پر جاری کئے جاتے ہیں۔ ذیلی اکاؤنٹس کے انتظامات ماہرین پر مشتمل ونڈو تکافل آپریٹرز کی سرمایہ کاری ٹیم کی جانب سے سنبھالے جاتے ہیں، جو تبدیل ہوتی معاشی صورت حال اور سرمایہ کاری کے مواقع کے پیش نظر مجموعی سرمایہ کاریوں کو ترتیب دیتی ہے۔

مندرجہ بالا تمام حکمت عملیاں سرمایہ کاری کے لیے ذیلی اکاؤنٹ پیش کرتی ہیں جس میں مختلف اثاثوں کی انتظامی کمپنیوں کے زیر انتظام فنڈز شامل ہوتے ہیں۔ آئی جی آئی لائف WTO کو اختیار حاصل ہے کہ وہ حکمت عملی کے تحت مزید مختلف قسم کی/خطرات کے پیش نظر مستقبل میں اثاثہ جات کی انتظامی کمپنیوں کی فہرست اور/یا فنڈز کی فہرست میں ردبدل کر سکتا ہے۔

یونٹ لنکڈ فنڈ کا اختیار

رکنیت کے اجراء کے وقت یونٹس کی سرمایہ کاری کم رسک والے فنڈ میں کی جائے گی۔ رکنیت کے اجراء کے بعد بغیر کسی اضافی چارجز کے شریک تکافل کو رسک کی استعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی مرضی کے مطابق فنڈ کے انتخاب کا حق حاصل ہے۔ نئے فنڈ کو شریک تکافل کی صوابدید پر مختلف فنڈ کے امتزاج سے تشکیل دیا جاسکتا ہے بشرطیکہ اس امتزاج کا مجموعہ 100% ہو۔

سرمایہ کاری فنڈز کے مابین منتقلی

شریک تکافل کو اختیار ہے کہ وہ مختلف حکمت عملی کے درمیان اپنا اکاؤنٹ ویلیو تبدیل کرسکتا/کرسکتی ہے۔ اس صورت میں حکمت عملی کے یونٹس کی مروجہ بولی کی قیمت پر حاصل کیا جائے گا اور بولی کی قیمت پر منتخب کردہ حکمت عملی میں مختص کیا جائے گا۔ اس طرح شریک تکافل ضرورت کے مطابق بدلتی معاشی صورت حال اور زیادہ سے زیادہ منافع کمانے کے لیے منتقل کرسکتا ہے۔ ہر تبدیلی پر مقرر کردہ پروسیسنگ فیس لاگو ہوگی۔

وفات پر فائدہ:

وفات پر فائدہ قابل ادا ہوگا: سم کورڈ یا شریک تکافل انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (شرکا سرمایہ کاری فنڈ) میں اکاؤنٹ ویلیو جو بھی زیادہ ہو۔

مزید

اضافی ضمنی زرتعاون کی رقم (اگر کوئی ہے) کی مجموعی اکاؤنٹ ویلیو۔

مزید

WTO کی PTF ممبرشپ کے مطابق سرپلس (اگر کوئی ہے)

میعاد کی تکمیل پر فائدہ: پارٹیسپینٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (شرکا سرمایہ کاری فنڈ) کا 100 فیصد، اضافی ضمنی زرتعاون اکاؤنٹ کے مجموعی فائدے اور مجتمع فوائد کے ساتھ، جو کہ پہلے سے اضافی ضمنی زرتعاون اکاؤنٹ ویلیو کے لیے واجب الادا نہ ہو تکمیل میعاد پر ادا کیا جائے گا۔

اضافی یونٹ کی تخصیص: جتنا زیادہ عرصہ ممبرشپ جاری رہے گی، فوائد بھی اتنے ہی زیادہ ہوں گے۔ پلان میں، چھٹے سال سے آغاز کرتے ہوئے اضافی یونٹ کی تخصیص کی پیشکش کرتا ہے۔ اضافی یونٹ کی تخصیص بنیادی زرتعاون کا 3 فیصد۔

تحفظ کی ترتیب: زرتعاون کی ادائیگی نہ کرپانے کی صورت میں جب آپ اس وقت تک ممبرشپ کے اہل ہوں گے جب تک کہ آپ کی (شرکا سرمایہ کاری فنڈ) ویلیو یا کیش سرینڈر ویلیو آپ کی ممبرشپ کے لیے ادا کردہ چارجز کی ادائیگی کے لیے کافی ہو۔

زرتعاون کی عدم ادائیگی پر پانچ سال کی مدت کے لیے اضافی فوائد اضافی اکاؤنٹ میں نہیں جمع کرائیں جائیں گے۔ اضافی فوائد کی صورت میں ممبر کو چاہیے زرتعاون کی ادائیگی وقت پر کرے یا پیشگی ادائیگی کرے۔

مکمل دستبرداری

شریک تکافل کو پی آئی اے میں موجود یونٹوں کو کیش کرا کے اپنی رکنیت سے مکمل دستبرداری کا حق حاصل ہے۔ رکنیت کے پہلے دو سالوں کے دوران مکمل دستبرداری کی صورت میں قبل از وقت انخلاء پر وکالہ فیس (جیسا کہ نیچے جدول میں دکھایا گیا) منہا کی جائے گی۔ یونٹوں کو بڈ پرائس پر کیش کرایا جائے گا اور رکنیت ختم ہوجائے گی۔

رکنیت کا سال	پی آئی اے ویلیو کا فیصد
1 سے 2	50 فیصد
3 سے زائد	کوئی نہیں

جزوی انخلاء

جزوی انخلاء رکنیت کی مدت کے دوران شرائط وضوابط کے مطابق یونٹوں کی محدود تعداد کو کیش کرا کے کسی بھی وقت پارٹیسپنٹ اکاؤنٹ ویلیو (پی آئی اے) سے کیا جاسکتا ہے۔ جزوی طور پر نکلوائی گئی رقم کو مستقل انخلا تصور کیا جائے گا اور دوبارہ ادائیگی نہیں ہوگی۔ جزوی انخلاء سے نکالی گئی رقم کے برابر موت پر ملنے والے فوائد کم ہوجائیں گے۔ کم سے کم 10,000 روپے جزوی طور پر نکلوائے جاسکتے ہیں بشرطیکہ پی آئی اے اکاؤنٹ میں 100,000 روپے کی رقم باقی رہے۔

انڈیکسیشن کی خصوصیات

اگر اس آپشن کا انتخاب کیا جاتا ہے تو، وائٹیلیٹی کی سالانہ ممبر شپ کا زرتعاون اور بنیادی مجموعی زرتعاون ہر سال ممبر شپ کی سالگرہ کے موقع پر بڑھایا جائے گا۔ ممبر زرتعاون میں اضافے کو تحریری طور پر نوٹس دے کر منسوخ بھی کرسکتا ہے اور بغیر اضافے کے زرتعاون کی ادائیگی کرسکتا ہے۔ اگر ممبر کسی بھی ممبر شپ کی سالگرہ پر اضافے کو منسوخ کرتا ہے تو وہ آئندہ شمارہ سازی کی سہولت سے محروم کردیا جائے گا۔

5 سالہ مدت کے دوران انڈیکس ممبر شپ میں مجتمع فائدے کا حساب اس مدت کے دوران ادا کئے جانے والے کم سے کم زرتعاون کے ذریعے لگایا جائے گا۔

مجموعی زرتعاون سے کیا مراد ہے؟

یہ رقم بمعہ کسی بھی دوسرے قابل اطلاق فوائد کے، پالیسی شریک تکافل کی وفات پر واجب الادا ہوتی ہے۔ مجموعی زرتعاون، بنیادی مجموعی زرتعاون کے مختلف اختیارات ہوتے ہیں۔ ممبر ہولڈر کو درج ذیل مختلف اختیارات پیش کیے جاتے ہیں:

عمر	زرتعاون کے ملٹی پل*	
	کم سے کم	زیادہ سے زیادہ
55 سال تک	5	40
56 – 60	5	15
61 – زائد	5	5

اہلیت اور رکنیت کی مدت:

مجوزہ شریک تکافل کے داخلے کی کم سے کم عمر 18 سال اور زیادہ سے زیادہ عمر 65 سال ہے۔ رکنیت کی کم از کم میعاد 10 سال ہے جو کہ زیادہ سے زیادہ 85 سال کی حد سے مشروط ہے۔

کم سے کم یا زیادہ سے زیادہ زرتعاون کی حدود کیا ہیں؟

زرتعاون کی ادائیگی کے درج ذیل طریقہ کار کے لیے کم سے کم قابل قبول زرتعاون 100,000 روپے ہے:

- سالانہ
- ششماہی

زرتعاون کی کوئی زیادہ سے زیادہ حد نہیں ہے؛ لہذا آپ اپنے مالیاتی مقاصد کی مکمل آزادی کے ساتھ منصوبہ بندی کرسکتے ہیں۔

اضافی ضمنی زرتعاون

یہ پلان ریگولر زرتعاون کا پلان ہے لیکن شریک تکافل شرکا سرمایہ کاری فنڈ میں اضافی فنڈ زبطور یکمشت زرتعاون جمع کر کے اضافی ضمنی زرتعاون جمع کرا سکتے ہیں۔ اضافی ضمنی زرتعاون کہلائے جانے والے مجموعی زرتعاون کسی بھی وقت بنائے جاسکتے ہیں اور یہ رقم شرکا سرمایہ کاری فنڈ میں سرمایہ کاری کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ اضافی ضمنی زرتعاون کے لیے کم از کم ادائیگی 100,000 روپے ہے اور زیادہ سے زیادہ پر کوئی حد نہیں۔

موبائل فون کے زیر انتظام حکمت عملی

یہ پروگرام شیئرڈ ویلیو پر مبنی ہے جو آپ کو اچھی صحت برقرار رکھنے پر انعامات اور فوائد دیتا ہے۔ یہ آپ کو تین اہم نکات پر مبنی صحت مند طرز زندگی کے لیے طریقہ کار، معلومات اور حوصلہ افزائی دیتا ہے۔

اپنی صحت کے بارے میں جانیں

اپنی صحت بہتر بنائیں

فوائد سے لطف اندوز ہوں

IGI لائف وائٹیلیٹی ایپ کے ذریعے آپ اپنی جسمانی سرگرمیوں کا جائزہ لیتے ہوئے فٹنس کے اہداف حاصل کرتے ہیں اور ان اہداف کے حصول پر انعامات کے حقدار بھی قرار پاتے ہیں۔ آپ IGI لائف وائٹیلیٹی ایپ کو اپنے اینڈرائیڈ یا iOS موبائل ڈیوائس* پر ڈاؤن لوڈ کر کے اپنا ID اور پاس ورڈ استعمال کرتے ہوئے اکاؤنٹ بنا سکتے ہیں جو کہ آپ کو ممبر شپ خریدنے کے بعد ای میل میں فراہم کیا جائے گا۔

- **ہفتہ وار انعامات**

اپنا ہفتہ وار جسمانی سرگرمی کا ہدف پورا کریں اور 500 روپے قیمت کا موبائل ٹاپ اپ واؤچر منتخب کریں یا فوڈ پانڈا کا 500 روپے ڈسکاؤنٹ واؤچر حاصل کریں۔

دونوں واؤچرز IGI لائف وائٹیلیٹی ایپلیکیشن پر دستیاب ہیں۔

- **ماہانہ انعامات**

وائٹیلیٹی کے ممبر منتخب کردہ ویریبل ڈیوائس* خریدنے پر 100 فیصد تک کا کیش بیک حاصل کرسکتے ہیں، 24 ماہ کی مدت** سے زائد پر خریداری کی قیمت پر زیادہ سے زیادہ کیش بیک کی واپسی۔

آپ کے ماہانہ آئی جی آئی لائف وائٹیلیٹی پوائنٹس اس عمل کو ظاہر کریں گے کہ آپ کو ماہانہ کتنی جسمانی سرگرمی انجام دینے کی ضرورت ہے۔

جسمانی سرگرمی کے مطابق ہدف کو پہنچنے کے بعد، مہینے کے اختتام پر مخصوص پوائنٹس کا لیول پورا کرنے پر آپ قابل اطلاق کیش بیک اکاؤنٹ میں جمع کیے جائیں گے۔

حاصل کئے جانے والے پوائنٹس	ماہانہ ڈیوائس کیش بیک
< 1500	0%
1500 - 1,999	25%
2000 - 2,999	50%
3,000 یا زائد	100%

*شرائط وضوابط لاگو ہیں

24 ماہ کیش بیک کی سہولت کا آغاز بینیفٹ ایکٹیویٹ ہونے کے بعد، سال کے پہلے مہینے کے پہلے دن سے کیا جائے گا۔ مثال کے طور پر، اگر بینیفٹ 23/09/2018 کو ایکٹیویٹ کیا گیا ہے تو، کیش بیک کا آغاز 01/10/2018 سے ہوگا اور 30/09/2020 کو ختم ہوگا۔

ممبر کو 24 ماہ کی مدت کے دوران کسی بھی نئی ڈیوائس کو اپ گریڈ کرنے اور ڈیوائس کو واپس کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

- **سالانہ انعام (Integrated Benefit)**

آپ اپنے وائٹیلیٹی اسٹیٹس کی بنیاد پر ہر ممبر شپ کے سال کی تکمیل پر جمع شدہ انعام کے حقدار ہوتے ہیں۔ یہ فوائد ہر سال جمع ہوتے ہیں اور ممبر شپ کے پانچویں سالگرہ پر آپ کے اضافی ضمنی زرتعاون اکاؤنٹ میں کریڈٹ کردیئے جاتے ہیں۔

سالانہ انعام (Integrated Benefit) کے لیے ٹیبل درج ہے:

سم کورڈ ملٹی پل	سالانہ انعام			
	اسٹیٹس			
	برونز	سلور	گولڈ	پلاٹینم
5 – 10	0.0%	0.0%	0.0%	0.0%
11 – 20	0.0%	2.00%	4.00%	9.00%
21 اور اس سے زائد	0.0%	4.00%	8.00%	18.00%

برونز، سلور، گولڈ اور پلیٹینم اسٹیٹس ممبر کے مختلف اہداف اور تشخیص/سوالنامے کے حصول کے نتیجے میں حاصل کردہ اسٹیٹس کا حوالہ دیتا ہے، جیسا کہ شرائط وضوابط میں درج کیا گیا ہے۔

وفات پر مجتمع فائدہ (Integrated Benefit):

وفات ہونے کی صورت میں، اضافی ضمنی زرتعاون اکاؤنٹ میں جمع ہونے والا مجتمع فائدہ فراہم کر دیا جائے گا، جو کہ وفات پر فائدے کے علاوہ ہے۔

معذوری پر مجتمع فائدہ:

مستقل معذوری کی صورت میں، معذوری ہونے تک جمع شدہ مجتمع فائدہ اور وہ جو اضافی ضمنی زرتعاون اکاؤنٹ میں جمع نہ ہوا ہو، وہ سب اضافی ضمنی زرتعاون اکاؤنٹ میں جمع کردیا جائے گا۔

دستبرداری پر مجتمع فائدہ:

دستبرداری ہونے پر، دستبرداری کی تاریخ تک جمع ہونے والا مجتمع فائدہ، اور جو پہلے سے اضافی ضمنی زرتعاون اکاؤنٹ میں جمع نہ کیا ہوا، ادا نہیں کیا جائے گا۔

جزوی دستبرداری پر مجتمع فائدہ:

جزوی دستبرداری کی صورت میں، 5 سال کی مدت کے لیے مجتمع فائدہ اضافی ضمنی زرتعاون اکاؤنٹ میں جمع نہیں کیا جائے گا۔

مدت کی تکمیل پر مجتمع فائدہ:

مدت تکمیل پر مجتمع فائدہ جمع ہوا ہو لیکن آپ کے اضافی ضمنی زرتعاون میں منتقل نہ کیا گیا ہو، تو وہ قابل ادا ہوگا۔

نمایاں متفرق خصوصیات

زرتعاون کی ادائیگی نہ ہونے کی صورت میں 5 سال کی مدت تک سالانہ فائدے اضافی ضمنی زرتعاون اکاؤنٹ میں جمع نہیں کئے جائیں گے۔ سالانہ فوائد حاصل کرنے کے لئے رکنیت ممبر کو رکھنے والے ممبر شپ کے سال میں یا پیشگی زرتعاون ادا کرنا ضروری ہے۔

اگر رکنیت ممبر رکھنے والے کے پاس وائٹیلیٹی انٹی گریٹڈ تکافل پروڈکٹ کی ایک سے زائد ممبرشپ ہیں تو وہ، شرائط وضوابط میں بیان کردہ معیارات کے تحت ہر پانچ سال بعد ہر ممبرشپ پر مجتمع فائدہ حاصل کرنے کا اہل ہوگا۔

اگر ممبر پہلے سے ہی وائٹیلیٹی ایکو پروگرام کا حصہ ہے اور دستبردار ہونے کا فیصلہ کرتا ہے تو انٹی گریٹڈ بینیفٹ اور وائٹیلیٹی فیس کی کٹوتی روک دی جائے گی۔ تاہم، بنیادی یونٹ سے منسلک پلان اسی طرح جاری رہے گا۔ مزید یہ کہ ممبر رکنیت خریدنے کے بعد ہی دوبارہ اس کا ممبر شپ کا حصہ بن سکتا ہے۔

وائٹیلیٹی فیس

320 روپے کی فیس ہر ماہ کے شروع میں ہر ممبر کے اکاؤنٹ ویلیو سے وصول کرلی جائے گی۔ وائٹیلیٹی فیس میں ونڈو تکافل آپریٹر کی صوابدید پر وقت کے ساتھ تبدیل کی جاسکتی ہے۔

اگر شریک تکافل وائٹیلیٹی انٹی گریٹڈ پروڈکٹ کی ایک سے زائد ممبرشپ کا حامل ہے تو وائٹیلیٹی فیس صرف ایک ممبر شپ سے کاٹی جائے گی، دیگر وائٹیلیٹی انٹی گریٹڈ ممبرشپس پر وائٹیلیٹی فیس نہیں وصول کی جائے گی۔ اس کی تفصیلات شرائط وضوابط میں درج ہیں۔

شریک تکافل کسی بھی وقت وائٹیلیٹی ممبرشپ سے دستبردار ہوسکتا ہے۔ تاہم، ایک بار وائٹیلیٹی ممبرشپ منسوخ ہونے کے بعد شریک تکافل کو دوبارہ وائٹیلیٹی ممبرشپ بینیفٹ حاصل کرنے کے لیے آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشن 'زندگی پریمیر تکافل سیونگز پلان' کا حصہ بننا ہوگا۔

یونٹ کی پرائسنگ کا طریقہ کار:

کمپنی کے پاس موجود فنڈز کی مالیت روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹ ویلیو کے اعتبار سے لگائی جاتی ہے۔ انڈر رائٹنگ ڈپارٹمنٹ تمام درخواستوں کو طے شدہ طریقہ کار کے مطابق مکمل کرتا ہے/تکافل رکنیت تیار کرتا ہے۔ یونٹ کی مالیت کے تعین کی ہر تاریخ کو موصول ہونے والا تمام صافی زرتعاون (جو وصول شدہ زرتعاون کلیمز، دستبرداری اور فنڈ کی منتقلی کو ظاہر کرتا ہے) اکاؤنٹس ڈپارٹمنٹ کو فراہم کیا جاتا ہے، جو اس تمام زرتعاون کو اسی دن مجموعی فنڈز کے لیے اسلامک میوچل فنڈ کے یونٹس کی خریداری کے لیے استعمال کرتا ہے۔

یونٹ کی مالیت کے تعین کے دن کے آخر میں مجموعی فنڈ کے اثاثہ جات کی صافی ویلیو کا اس وقت تک کی فراہم کردہ میوچل فنڈز کی قیمتوں کے اعتبار سے دوبارہ حساب کیا جاتا ہے۔ اس حساب کردہ اثاثہ جات کی صافی ویلیو کو نظرثانی شدہ بڈ اور آفر (بڈ پرائس کا 105%) پرائس کو جاننے کے لیے مجموعی فنڈ میں موجود یونٹس پر تقسیم کیا جاتا ہے۔ میوچل فنڈ میں کی جانے والی اضافی سرمایہ کاری کو مجموعی فنڈ کے اضافی یونٹس کی تعداد معلوم کرنے کے لیے (جیسا کہ اوپر حساب کیا گیا ہے) مجموعی فنڈ کے موجودہ یونٹس پر تقسیم کیا جاتا ہے۔ مجموعی فنڈ کی قیمتیں، جن کا حساب یونٹس کی مالیت کے تعین کی تاریخ کے اختتام پر میوچل فنڈ کی قیمت کی بنیاد پر کیا جاتا ہے ان کا اگلی صبح سسٹم میں اندراج کیا جاتا ہے اور تمام ٹرانزیکشنز یعنی تکافل رکنیت کے حصول، دستبرداری اور منتقلی وغیرہ کے لحاظ سے یونٹس کی ایلوکیشن اسی اعتبار سے کی جاتی ہے۔ مجموعی فنڈ کی قیمتیں جن کا اندراج سسٹم پر کیا گیا ہے وہ شرکاء تکافل کی آگاہی کے لیے ویب سائٹ پر روزانہ کی بنیاد پر اپ ڈیٹ کی جاتی ہیں اور تکافل رکنیت کے حصول میں سہولت فراہم کرنے کے لیے فیلڈ فورس کو بھی فراہم کی جاتی ہے۔

زرتعاون کی شرح تخصیص سے کیا مراد ہے؟

IGI لائف WTO وائٹیلیٹی، آپ کی سرمایہ کاری پر زیادہ سے زیادہ منافع حاصل کرنے کے لیے زرتعاون کی عمدہ ترین تخصیصات میں سے ایک پیش کرتا ہے۔ اکاؤنٹ ویلیو کے لیے مختص کردہ زرتعاون کا تناسب یہ ہے:

پالیسی کا سال	اکاؤنٹ ویلیو کیلئے زرتعاون کی تخصیص کی شرح
1	60 فیصد
2	75 فیصد
3	95 فیصد
4 سے 5	100 فیصد
6 اور اس سے زائد	103 فیصد
ٹاپ اپ	100 فیصد

لازم اضافی فائدہ:

صحت افزاء: بیماری یا حادثے کی صورت میں مالی تحفظ فراہم کرتا ہے جس کی بدولت مریض کے سالانہ 250,000 روپے کے اخراجات پورے ہوتے ہیں۔

کون سے اضافی فوائد حاصل کیے جاسکتے ہیں؟

مذکورہ بالا روایتی فوائد کے علاوہ، آپ اس پلان کے تحت کئی اضافی فوائد بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ ان فوائد کی متعلقہ تفصیلات ذیل میں دی گئی ہیں:

☆ **زرتعاون کی ادائیگی میں چھوٹ - معذوری** WoC: سپلیمنٹری رائیڈر مدت پوری ہونے تک شریک تکافل کی مستقل معذوری کی صورت میں مستقبل کے لیے زرتعاون میں چھوٹ فراہم کرتا ہے۔ یہ فائدہ انفرادی PTF سے ادا کیا جائے گا۔

☆ **تحفظ کے اضافی فائدے**: ABP شریک تکافل کی حادثاتی یا غیر حادثاتی وجوہات کی بنا پر واقع ہونے والی موت پر قابل ادا فوائد کو بڑھاتا ہے۔ بنیادی ممبر شپ کے تحت وفات کی صورت میں ادا کئے جانے والے کسی بھی دیگر فوائد کے ساتھ ABP سم کورڈ کی ادائیگی ایک ہی یکمشت قسط میں کی جائے گی۔ یہ فائدہ انفرادی PTF سے ادا کیا جائے گا۔

☆ **انکم بینیفٹ - وفات**: شریک تکافل کی وفات کے بعد سپلیمنٹری بینیفٹ کی منتخب کردہ میعاد کے اختتام تک ماہانہ انکم بینیفٹ فراہم کیا جائے گا۔ یہ فائدہ انفرادی PTF سے ادا کیا جائے گا۔

☆ **انکم بینیفٹ - معذوری**: شریک تکافل کی مستقل کلی معذوری کے بعد سپلیمنٹری بینیفٹ کی منتخب کردہ میعاد کے اختتام تک ماہانہ انکم بینیفٹ فراہم کیا جائے گا۔ یہ فائدہ انفرادی PTF سے ادا کیا جائے گا۔

☆ **حادثاتی موت کے فائدے** ADB: شریک تکافل کی حادثاتی موت کی صورت میں یکمشت رقم ادا کرتا ہے۔ حج/عمرے کے ادائیگی کے دوران ہونے والی اموات کی صورت میں ADB بینیفٹ کسی اضافی زرتعاون کے بغیر دوگنا کردیا جائے گا۔ یہ فائدہ انفرادی PTF سے ادا کیا جائے گا۔ ہر اختیاری سپلیمنٹری بینیفٹ پر اضافی زرتعاون چارج کیا جائے گا۔

وکالہ فیس (ایلوکیشن فیس) کیا ہے؟

آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریٹرز زندگی پلس تکافل سیونگ پلان کے زرتعاون کی شرح کے حساب سے وکالہ فیس کا ٹیبل درج ذیل ہے:

رکنیت کا سال	زرتعاون کی شرح کے اعتبار سے ایلوکیشن فیس
1	40%
2	25%
3	5%

اس پروڈکٹ کی فیس اور چارجز کیا ہیں؟

بڈ/آفر اسپریڈ	شرکا سرمایہ کاری فنڈ یونٹس خریدنے پر رقم کا 5%
وکالۃ الاستثمار فیس	شریک تکافل انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (شرکا سرمایہ کاری فنڈ) کا 0.125% ہر ماہ شروع میں ماہانہ وصول کی جاتی ہے
مضارب کا حصہ	انفرادی PTF (اگر کوئی ہے) کی سرمایہ کاری آمدنی کا 40% حصص
تکافل آپریٹرز	ہر ماہ زرتکافل کا 45%
تکافل آپریٹر کی زرتکافل میں انتظامی فیس	(تبرع یا COI)
وکالہ فیس	فی ممبرشپ پر ماہانہ 250 فیصد
وائٹیلیٹی فیس	*320 روپے ماہانہ فی فرد
سرینڈر چارجز (سالانہ)	کوئی نہیں
قبل از وقت انخلاء پر وکالہ فیس (پی آئی اے کا فیصد)	1 سے 2 سال: 50 فیصد 3 سے زائد: کوئی نہیں
فنڈ منتقلی فیس	ہر بار فنڈ منتقلی پر 500 روپے
پروسیسنگ فیس	ہر بار جزوی طور پر رقم نکلوانے اور مکمل دستبرداری پر 500 روپے فیس

*وائٹیلیٹی فیس میں ونڈو تکافل آپریٹر کی صوابدید پر وقت کے ساتھ تبدیلی کی جاسکتی ہے۔

نوٹ: مذکورہ بالا فیس اور چارجز میں بغیر کسی پیشگی اطلاع کے تبدیلی ہوسکتی ہے۔

کلیم کیسے داخل کیا جائے

کلیم داخل کرنے کا طریقہ

کلیم کو داخل کرنے کا ہمارا طریقہ کار انتہائی آسان اور کسی رکاوٹ سے آزاد ہے۔ اس سلسلے میں مشورہ دیا جاتا ہے کہ اپنے ممبر شپ کو داخل کرتے ہوئے مکمل معاونت حاصل کرنے کے لئے ہماری کسٹمر سروس ٹیم سے services.life@IGI.COM.PK پر رابطہ کریں۔

ذیل میں مرحلہ وار طریقہ کار دیا جارہا ہے جس پر عمل کر کے آپ اپنا کلیم داخل کرسکتے ہیں۔

پہلا مرحلہ – تحریری اطلاع

کلیم آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریٹرز کی ویب سائٹ آن لائن کلیم انٹی میشن پر جا کر دی گئی معلومات فراہم کر کے بغیر کسی تاخیر کے براہ راست داخل کیا جاسکتا ہے جسے کلیم ڈیپارٹمنٹ کو فوری طور پر بھیج دیا جاتا ہے

http://igilife.com.pk/claim-intimation/

ممبر شپ کے تحت فوائد حاصل کرنے کے لئے کوئی بھی ممبر شپ کے مالک/دعوی کنندہ (جیسی بھی صورت ہو) کی جانب سے اس کے دستخط کے ساتھ تحریری اطلاع جمع کرانے کے ذریعے کیا جاسکتا ہے۔ تحریری اطلاع دیتے وقت ہمیشہ وقوعہ کی تاریخ، واقعہ کی وجہ اور دعوی کنندہ کا موجودہ پتہ اور رابطہ نمبر ضرور درج کریں۔

کلیم نقصان کی تاریخ کے 30 دنوں کے اندر داخل کیا جانا چاہیے

دوسرا مرحلہ – کلیم فارم کے ساتھ متعلقہ دستاویزات مکمل کریں

وقوعہ کی اطلاع دینے پر آئی جی آئی لائف نقصان کا ثبوت داخل کرنے کے لئے متعلقہ فارم فراہم کرے گا۔ جن کا انحصار واقعہ کی نوعیت پر ہوگا۔ ڈیتھ سرٹیفکیٹ، رکنیت کے اصل کاغذات، شریک تکافل اور نامزد شریک تکافل کے شناختی کارڈ، ہسپتال ریکارڈ، پولیس رپورٹ اور پوسٹ مارٹم کی رپورٹ (صرف حادثہ کی صورت میں) یا آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریٹرز کی طرف طلب کردہ دوسرا متعلقہ کاغذ فارمز کے ساتھ منسلک کئے جائیں گے۔ فارمز ہماری ویب سائٹ سے براہ راست ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔

http://igilife.com.pk/investor-relations/claim-forms/

طبی سہولتوں کے کلیمز کے لئے میڈیکل بلوں/پرنٹس کا انتظام اسپتال میں داخل ہونے کی صورت میں طبی سہولتوں سے متعلق کلیمز کے لئے تمام میڈیکل بل (اصل) اور طبی رپورٹ (نقول)، جو کہ کوالیفائڈ طبی سہولت دینے والے یا ڈاکٹر کی طرف سے جاری کی گئی ہو سے منسلک کرنا ہوگا۔

توثیق شدہ دستاویزات اصل شکل میں یا کسی سرکاری افسر/جاری کرنے والی اتھارٹی کی جانب سے مصدقہ نقول کی صورت میں جمع کرائی جاسکتی ہیں۔ دستاویزات کی اصل کاپی معائنہ کے لئے طلب کی جاسکتی ہے۔

تیسرا مرحلہ

کلیم فارم کے ساتھ مطلوبہ دستاویز جمع کرائیں

اصل دستاویزات اور فارمز (ہارڈ کاپی) باقاعدہ طریقہ سے مکمل، دستخط شدہ اور گواہی کے ساتھ لازمی طور پر آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریٹرز کے ہیڈ آفس کو اس نقصان کے بعد 90 دنوں کے اندر جمع کردیے جائیں جس کے لئے کلیم داخل کیا جارہا ہے۔

چوتھا مرحلہ – کلیم کی ادائیگی

کوئی بھی کلیم جتنی جلد ممکن ہو آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریٹرز کے اطمینان کے لئے مکمل کرلیا جائے۔ مکمل دستاویزات کی وصولی کے بعد جتنا جلدی ممکن ہو کلیم کی ادائیگی کردی جائے گی۔

نوٹ:

برائے مہربانی اس امر کو یقینی بنائیں کہ شریک تکافل کی طرف سے کلیم کی صورت میں تمام دستاویزات اور فارمز آپ کی رکنیت کے اصل تجویزی فارم/سی این آئی سی پر آپ کے دستخط کے مطابق دستخط شدہ ہوں۔

آپ کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اپنے کلیم کو داخل کرتے ہوئے مکمل معاونت کے لئے ہماری کسٹمر سروس ٹیم سے مشاورت کرلیں۔

اگر آپ کلیم داخل کرنے کے خواہشمند ہیں تو ہماری کسٹمر سروس ٹیم ہمیشہ آپ سے تعاون کے لئے تیار ہے۔

ذیل میں دیئے گئے لنکس سے ایک کلیم فارم کا انتخاب کریں

دعوی دستبرداری: آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریٹرز کے تحت پروڈکٹ کے حوالے سے تحریر کیا جارہا ہے۔ یہ بینک الفلاح لمیٹڈ سے گارنٹی شدہ نہیں ہے، نہ ہی اس کی کسی سے وابستگی ہے اور نہ ہی یہ بینک الفلاح کا پروڈکٹ ہے۔ لہذا، آئی جی آئی لائف۔ ونڈو تکافل آپریٹرز وقف فنڈ کے ذریعے تمام انڈر رائٹنگ خطرات کا ذمہ دار ہے۔ درخواست گزار/شریک تکافل اس بات کا مکمل اقرار کرتا اور سمجھتا ہے کہ بینک الفلاح آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریٹرز کے کارپوریٹ تکافل ایجنٹ کے طور پر کام کرتا ہے۔ اور کسی بھی صورت میں زندگی پلس تکافل پلان، ریگولر زرتعاون پروڈکٹ اور/یا اس سے پیدا ہونے والا کوئی بھی فائدے یا نقصان سے متعلق آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریٹرز کی جانب سے کئے گئے اقرار نامے کے تحت اور/یا نمائندگی کے لیے ذمہ دار یا جواب دہ نہیں ہوگا۔ کیا درخواست گزار/شریک تکافل زندگی پلس تکافل سیونگز پلان۔ ریگولر زرتعاون پروڈکٹ کو سبسکرائب کرنے کے لیے تیار ہے۔ وہ اس کی/اس کے رسک پر رضا کارانہ طور پر ایسا کرسکے گا اور فنڈ کی سرمایہ کاری کی کارکردگی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے کسی بھی تنازعات اور یا کلیم کی صورت میں بینک الفلاح ذمہ دار یا جواب دہ نہیں ہوگا کہ درخواست گزار/شریک تکافل اور/یا کوئی بھی دیگر وجوہات سے حاصل زرتعاون پر مشتمل ہے۔ پلان میں شامل، زرتعاون مذکورہ بالا فنڈ پر انویسٹ کیا گیا ہے اور ضروری نہیں ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کے لیے اثر انداز ہو۔ کی جانے والی پیش گوئی ضروری نہیں مستقبل یا فنڈ کی ممکنہ کارکردگی کے لیے اثر ثابت ہو اور نہ ہی آئی جی آئی لائف۔ ونڈو تکافل آپریٹرز یا بینک الفلاح اس کے لیے ذمہ دار ہوں گے۔ تکافل رکنیت سے متعلق تمام کلیم، چارجز اور ادائیگیاں صرف اور صرف آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریٹرز کی خصوصی ذمہ داری ہے۔ تاہم، سروس چارجز اور ٹیکس متعلقہ حکام کے ذریعے بینک کے ''چارجز کے شیڈول'' اور ٹیکس کے قوانین کے مطابق لاگو ہوں گے۔ آئی جی آئی لائف۔ ونڈو تکافل آپریٹرز آپ کی منتخب کردہ حکمت عملی کے مطابق سرمایہ کاری کرتی ہے اور آپ کے ممبر شپ اکاؤنٹ کی ویلیوز آپ کی منتخب کردہ حکمت عملی کی کارکردگی کی عکاسی کرتی ہے۔ سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی آمدنی میں اتار چڑھاؤ بھی واقع ہوسکتا ہے اور اصولی سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والی آمدن اور اصل پلان کی مدت کے تکمیل یا انداز اپنائے گئے منافع کی کوئی ضمانت نہیں ہے اور یہ متوقع اعداد و شمار سے کم یا زیادہ ہوسکتی ہیں۔ چنانچہ، انویسٹمنٹ پر نقصان شریک تکافل کی جانب سے برداشت کیا جائے گا۔

آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز

ہیڈ آفس: سوٹ نمبر 701-713، ساتویں منزل، دی فورم، G-20، بلاک 9،
خیابان جامی کلفٹن، کراچی - 75600، پاکستان۔
UAN: 111-111-711 (92-21+)، ٹیلی فون: 35360040 (92-21+)
فیکس: 35290042 (92-21+)، ای میل: vitality@igi.com.pk
ویب: www.igilife.com.pk